سوال

غسل جنابت کا طریقہ کیا ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

غسل جنابت کے دو طریقے ہیں :

کفائت کرنے والا طریقہ :

مکمل طریقہ :

کفائت کرنے والا طریق غسل یہ ہے کہ : کلی کرکے اورناک میں پانی ڈال کرسارے بدن پر پانی ڈال لیا جائے ، چاہے ایک بار ہے ، اور اگر گہرے پانی میں غوطہ لگائے تو بھی ٹھیک ہے

غسل کا مکمل طریقہ یہ ہے کہ :

اپنی شرمگاہ اورجہاں جہاں نجاست لگی ہو اسے دھوئے ، اور پھر مکمل وضوء کرنے کے بعد اپنے سر پر تین چلو پانی بہائے حتی کہ بالوں تک سر تر ہو جائے ، اور پھر اپنے جسم کی دائیں جانب اور پھر بائیں جانب دھوئے

دیکھیں : اعلام المسافرین ببعض آداب واحکام السفر وما یخص الملاحین الجویین ،تالیف فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین صفحہ (11)

10790